Music 139 Sahib Chaudhry

اینڈ جگر رتی کا پیش کردہ

Fair

99

اداکاران
زینت۔ امینا۔ دلجیت
زبیدہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

دیکھو کبیرا رویا

گانا نمبر ۱

لگن تو سے لاگی بلما دھرے دل میں ہاتھ
ہار گئے سانجھ سکھی رین بتا دی بلما
چمک چمک گھر گئے تارے اک اک گھر کے سارے
بجھتے جلتے جھٹ گئی باتی پھیکے پڑے اُجیارے
چلتے چلتے تھک گیا چندا تھکے نہ پیار کے مارے
نیند کی ماری دُنیا ساری سپنوں میں بھی کھوئی
رنگی رنگی سی مست ہوا بھی لہر لہر سی کھوئی
میں دُنیا سے دور رہی کیوں یہ نہ جانے کوئی
جانا نے کتنا مجھ سے پوچھا بات کو تو بوجھی
کس کے کارن جوگ لیا ہے کون ہے تیرا جوگی
میں تو منہ سے اتنا بولی پریت کی ہوں میں روگی

گانا نمبر ۲

کون آیا میرے من کے دوارے پائل کی جھنکار لئے
آنکھ نہ جانے دل پہچانے صورتیا کچھ ایسی
یاد کروں یاد نہ آئے صورتیا بھی کیسی
پاگل منوا سوچ میں ڈوبا سپنوں کا سنسار لئے
ایک پل سوچوں میری آشا روپ بادل کر آئی
دوجے پل پھر پہچان بھی آئی ہو نہ کہیں پرچھائی

منڈے

پی ہر دیسی کے گھر آیا ایک انوکھا پیار لئے
کون آیا میرے...

گانا نمبر ۳

ہم بلاتے ہیں تم بلاتے نہیں ظلم
یہ کہاں کی محبت ہے
یوں ستایا نہ کرو دل جلایا نہ کرو
کہہ تو دیا یہ محبت ہے
کہاں سے سیکھی کس نے سکھائی
اچھی نہیں دیکھو ایسی عادتیں
مسکراتے ہی نہیں پاس آتے ہی نہیں
ہمیں کیسے یقیں آئے محبت ہے
ہم تمہیں اپنا بنا چکے
دل کی دنیا لٹا چکے
ہم تمہارے ہیں صنم نے تو کوئی بھی قسم
ہم نے کب یہ کہا تم سے نفرت ہے

گانا نمبر ۴

ہم پنچھی مستانے
ایک ہی دھوم ہے ایک ہی منزل
پیار کے ہم دیوانے
دھرتی کو چھوڑ کر پیچھے بادل کے پار جانا ہے
جن جن کے شاخیں تاروں کی ایک عاشق بنانا ہے

ایک تجن ہے ایک ہی بستی ایک جیسے انسانے
دل کی لگی یہ کہتی ہے رکنے کا نام مت لینا
طوفان راستہ روکے چھپنے کا نام مت لینا
پیار شمع ہے ہم دل والے اُسی کے ہیں پروانے
ایک ساتھ چل پڑے ہیں تو منزل کو ڈھونڈ لیں گے
جسے دل میں گھر بنانا ہے اسے ڈھونڈ ہی لیں گے
ہم اپنے آپ ہیں دنیا نئی بسانے

گانا نمبر ۵

تم میری راکھیو لاج میری
تم جانا سب انتریامی کرنی کچھو نہ کری
تم میری راکھیو لاج میری
اوگن مو سے بسرت ناہی پل چھن گھری گھری
تم میری راکھیو لاج میری

گانا نمبر ۶

ہم سے آیا نہ گیا تم سے بلایا نہ گیا
فاصلہ پیار کا دونوں سے مٹایا نہ گیا
وہ گھڑی یاد ہے جب تم سے ملاقات ہوئی
ایک اشارہ ہوا دو ہاتھ بڑھے بات ہوئی
دیکھتے دیکھتے دن ڈھل گیا اور رات ہوئی
وہ سماں آج تلک دل سے بھلایا نہ گیا
کیا خبر تھی کہ ملے ہیں بچھڑنے کے لئے

قسمتیں اپنی بنائی ہیں بگڑنے کے لئے
پیار کا باغ لگایا تھا اُجڑنے کے لئے
اس طرح اُجڑا دلِ کہ ہم سے بسایا نہ گیا
یاد رہ جاتی ہے اور وقت گزر جاتا ہے
پھول کھلا نہیں ہے آنچل سے بکھر جاتا ہے
سب چلے جاتے ہیں کب دردِ جگر جاتا ہے
داغ جو تو نے دیا دل سے مٹایا نہ گیا

گانا نمبر

میری دنیا تم بِن روئے ساجنا
سانوریا تم کہاں چلے ہو وہ گاؤں نہ جانوں
مٹے جو کب برہا کی آگ وہ شام نہ جانوں
آپ کی مدھ ملن کب ہوئے
تجھ بن میرے گیت ادھورے ہونٹوں پر شرمائیں
سانس اُمنگ کی تار نہ باجے تڑپ تڑپ رہ جائے
میری پیر نہ جانے کوئے

گانا نمبر

عاشقی کی تیری غم نے تصویر بنائی ہے
رو رو کے محبت کی تقدیر بنائی ہے
آنکھوں سے لیا پانی پلکوں سے سنوارا ہے
اور خونِ جگر لیکر ہر نقش اُتارا ہے
ملنے کی صنم تجھ سے تدبیر بنائی ہے

تڑپائے گی جب دل کو لا کھوں کی ہنسی راتیں
تنہائی میں کر لیں گے تصویر سے دو باتیں
دیوانے نے خود اپنی زنجیر بنائی ہے
نہ گلہ ہوگا نہ شکوہ نہ شکایت ہوگی
عرض ہے چھوٹی سی سن لو تو عنایت ہوگی
تو پیار کو ٹھکرائے
ہم تو ہیں تیرے دیوانوں میں
چاہے تو ہمیں اپنا نہ بنا
لیکن نہ سمجھ بیگانوں میں
مرنے سے ہمیں انکار نہیں
جیتے ہیں مگر ایک حسرت کے لئے
ہونٹوں سے ہمارا نام کبھی
آجائے تیرے افسانوں میں
مٹتے ہیں مگر ہو لے ہولے
جیتے ہیں مگر ایک بار نہیں
ہم شمع کبھی بن سکتے نہیں
مگر پروانوں میں

ختم شد

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اُڑا دینے والی فلمی دنیا میں
سنسنی مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے ایکٹروں، ایکٹرسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لیے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۔/۱ ۔ ۱۲ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانو پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلیے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کیے ہیں۔ قیمت صرف ۔/۱ ۱۲ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(الہ آباد پریس دہلی)